Music - Ravi

جیمنی کا پیش کردہ

گھونگھٹ

घूँघट

اداکاران

بینا رائے۔ پردیپ کمار۔
بھارت بھوشن۔ آشا پاریکھ
آغا

قیمت ۱ر

زمن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

گھونگھٹ کے

گانا نمبرا

یہ زندگی کا موسم اور یہ سماں سہانا
آؤ یہیں بنا لیں دم بھر کو آشیانہ
یہ جھومتی بہاریں یہ پیار کے نظارے
جی چاہتا ہے اس دم کوئی ہمیں پکارے
اس انجمن میں آکے دل ہو گیا دیوانہ
نظریں بہک رہی ہیں جلوے نکھر رہے ہیں
دیدار کرنے والے دیدار کر رہے ہیں
نظریں کہیں ہیں قاتل دل ہے کہیں نشانہ

گانا نمبر۲:- دو دین ملے دو پھول کھلے
دنیا میں بہار آئی ، اک رنگ نیا لائی
دل گانے لگا ، لہرانے لگا
لی پیار نے انگڑائی بجنے لگی شہنائی
ارمان بھری نظروں سے صنم
اس طرح ہمیں دیکھا نہ کرو
ہو جائے نہ رسوا عشق کہیں
دنیا ہے بری دنیا سے ڈرو
دنیا کا مجھے کچھ خوف نہیں
دنیا تو ہے ہرجائی اور عشق ہے سودائی
زلفوں کی گھنی چھاؤں میں صنم
دم بھر کے لئے جینے دے مجھے

اس مست نظر کی تجھ کو قسم
آنکھوں سے ذرا پینے دے مجھے
پینا تو کوئی دشوار نہیں
او پیار کے سودائی، بہکے تو ہے رسوائی

گانا نمبر ۳

لاگے نا مورا جیا، سجن نہیں آئے ہائے
لاگے نہ مورا جیا
دیکھ لئے پیا تیرے ارادے
جھوٹے نکلے جو تیرے وعدے
تڑپت تڑپت یاد میں تیری، نین میرے بھر آئے
تو نے میری سدھ بسرائی ہے
بیدردی تو ہے لاج نہ آئی
بھول گیا کیوں او ہرجائی جا کے دلیش پرائے

گانا نمبر ۴

گوری گھونگھٹ میں مکھڑا چھپاؤ نہ
یہ تو نیناں لڑانے کی رات ہے
ہمیں غصہ سے آنکھیں دکھاؤ نہ
یہ تو ہنسنے ہنسانے کی رات ہے
آج تو کا ہے کو شرمائی ہے
یہ گھڑی روز نہیں آتی ہے
آنے والے ہیں پیا ملنے کو
بھول ہیں دل کے تیرے کھلنے کو
تجھ کو رسیا کی نظر تو لگے گی
آج نینوں کی شرم تو لگے گی
کہیں تیرے یہ نیناں تیرا دل ہے بے چین

سکھی تو ہم سے یوں دامن چھڑاؤ نہ
یہ تو ملنے ملانے کی رات ہے
آج کی رات ذرا چپ رہنا
دل کی باتیں نہ بلم سے کہنا
وہ اگر چھیڑے بل کھا لینا
اُن کی باتوں میں نہ تُو آجانا
مرد کی ذات کو تُو کیا جانے
بڑے چالاک ہیں یہ دلوانے رے
کبھی بتیاں بڑی گے کبھی بنتی کریں گے
اُن سے کہنا کہ جاؤ ستاؤ نہ
یہ تو نکھرے دکھانے کی رات ہے

گانا نمبر ۵

دل نہ یہاں لگانا ظالم ہے یہ زمانہ
پیار کوئی بھی کرے دُنیا کرے ہائے رے
رستے میں اک دن ملا ایک دل والا
کہنے لگا وہ تیری انکھیوں کا میں ہوں متوالا
میں نے نہ جانا مجھے دیکھے ہے زمانہ
میں تو مستی میں گانے لگی
جیا ڈرانے لگی باتیں بنانے لگی
بھاگی رے میں تو اپنی جان بچائے
رستے میں اک دن ملا
مجھے بانکا اِک چھبیلا
کہنے لگا وہ تیرے سامنے تو چاند بھی ہے میلا
میں نے نہ جانا مجھے دیکھے ہے زمانہ

بن تو مستی میں گانے لگی
رستے میں ایک دن ملا مجھے ایک البیلا
کہنے لگا وہ سہیلی تیرے بنا ں دل ہے اکیلا
میں نے نہ جانا مجھے دیکھے ہے زمانہ
بن تو مستی میں گانے لگی
سوئے دے جیرے والیا میں کہنی آں
کر چیڑی دی چھاں میں چھاویں بہنی آں
سوگے وے جیرے والیا چھل کِکراں دے
کِکراں لائی بہار میلے متراں دے
تلے تیرے تلے
گانا نمبر ۶:۔ موری چھم چھم باجے پائلیا
آج ملے ہیں موہے سانوریا
بڑی مدت میں دل کے سہارے ملے
آج ڈوبے ہوؤں کو کنارے ملے
کبھی شرمائے من کبھی مسکائے من
کبھی نین کی چھلکے گگریا
چاند تاروں کے گہنے پہنا دو مجھے
کوئی آ کے دلہنیاں بنا دو مجھے
نہیں بس میں جیا کیسا جادو کیا
پیا آج ہوئی رے بن تو باوریا
گانا نمبر ۷:۔ ہائے رے انسان کی مجبوریاں
پاس رہ کر بھی ہے کتنی دوریاں
کچھ اندھیرے میں نظر آتا نہیں
کوئی تارا راہ دکھلاتا نہیں

جانے امید دل کی منزل ہے کہاں
شمع کے انجام کی کس کو خبر
ختم ہو گی یا جلے گی رات بھر
جانے یہ شعلہ رہے گی یا دھوآں
گانا نمبر۸:- کیا کیا نظارے دکھاتی ہے دنیا
کبھی ہنساتی ہے کبھی رلاتی ہے
کبھی دیوانہ بناتی ہیں انکھیاں
انکھیوں کے ہونے ہیں ڈورے گلابی
مستی میں دیکھیں تو کر دیں شرابی
روٹھیں تو ہو جائے دل کی خرابی
راتوں کی نیندیں اڑاتی ہیں انکھیاں
دم بھر میں ہوتی ہیں انکھیاں پرائی
اپنوں سے کرتی ہیں یہ بے وفائی
دیتے ہیں نینوں کے مارے دُہائی
ایسا نشا نہ لگاتی ہیں انکھیاں
دُنیا میں رہ کر دُنیا نہ دیکھے
یہ کیسی مجبوری
ہمکو بھی کوئی آنکھیں دیدے کر دے آشا پوری
مجبور ایسے بھی ہیں زندگی میں
جنکے گزرتے ہیں دن بے کسی میں
در در کی ٹھوکر کھلاتی ہیں انکھیاں
گانا نمبر۹:- میری بینا رکھو گردھاری
میں دکھیا شرن تمہاری
چھوڑ تمہارا دوارہ پر بھو کیں کس کے دوارے جاؤں

تم بن میرا کون سہارا کس کی آس لگاؤں
یہ بولو گرنتن مُراری
دیکھو میری بیچ بھنور میں ناؤ ڈوب رہی ہے نیا
چاروں اور ہے گھور اندھیرا کوئی نہیں کھیویا
طوفان اُٹھا ہے بھاری مجھے شکتی دو بنواری

گانا نمبر ۵

جاری سکھی بیچ دیج کے
اپنے پی کے دوارے
تُو خوشیوں سے جھولی بھر لے دیکھ نہ آنسو ہمارے
اِک گھر اُجڑے اِک بس جائے
یہ ہی جگ کی ریت
جاری دُلہنیاں دیکھ نہ مُڑ کے
سکھیوں پر کیا بیتی
اپنی اپنی قسمت ہے یہ
کوئی جیتے کوئی ہارے
من میں چھپا کے پریت بلم کی
گھونگھٹ میں شرمالے
ہم برہا کے دُکھ سہہ لیں گے
سجنی تو سکھ پا لے
جگ میں رہے تو سدا سہاگن
چمکیں بھاگیہ تمہارے

ختم شد

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور مکینک

دستکار اور

مستری بنانے والی کتابیں

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	سرکنگانم پاکٹ بک	12/-/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	کپڑے رنگنے کا ہنر	2/8/-
ورکشاپ گائیڈ	3/-/-	مکمل فوٹو گرافی	2/8/-
کروڈ آئیل	5/-/-	روشنائی سازی	2/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
گھڑی سازی	2/9/-	خوبصورت شو	1/8/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-	اچار مربے چٹنی	1/8/-
صابون سازی	1/8/-	باورچی خانہ	2/8/-
ڈنگر یا دریبن	6/-/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	ٹھیکیدار کا باپ	4/-/-
ٹرادسکشنل پرٹ	3/-/-	غیر ملکی ہیمیالسن جو	1/6/-
آئیل انجن گائیڈ	5/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
تمباکو کی دوکان	2/-/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
بوٹ پالش بنانا	2/8/-	مکمل مرغی خانہ مع حقہ	6/-/-
بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-	سینما مشین آپریٹر	6/-/-
بغیر بجلی کا ٹیلیفون بنانا	1/8/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/6/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی